F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 22/07/2016

اردو، عربی و فارسی زبانوں کا فروغ اتحاد و اتفاق سے ہی ممکن ہے: پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام اردو، عربی و فارسی زبانوں کے فروغ پر ایک مذاکرے کا انعقاد

نئی دہلی۔ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ذریعے انڈیا انٹرنیشنل سینٹر سمینار کے ہال میں منعقدہ ایک مذاکرے میں مسلم راشٹریہ منچ کے صدر جناب اندریش کمار نے کہا کہ زبانوں کی ترقی میں ملک کی ترقی کا راز پنہاں ہے۔ جب تک زبانوں کا فروغ نہیں ہوگا ملک آگے نہیں بڑھے گا۔ انھوں نے زبانوں کی ترقی کے لیے مذاکرات کو ضروری قرار دیا۔

اس موقعے پر قومی کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے سبھی مہمانوں کا استقبال کیا اور اس پروگرام کی غرض و غایت بیان کی۔ انھوں نے کہا کہ اردو، عربی و فارسی زبانوں کا فروغ اتحاد و اتفاق سے ممکن ہوسکتا ہے۔ ہم سب کو کندھا سے کندھا ملا کر ان زبانوں کے فروغ کے لیے قدم بڑھانا ہوگا۔ کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری مظفر حسین نے اندریش کمار کا استقبال کرتے ہوئے انھیں گنگا جمنی تہذیب کی علامت بتایا۔ انھوں نے اردو زبان کے سلسلے میں کونسل کی کوششوں کی ستائش کی اور موجودہ حکومت کو بھی اردو کا مسیحا اور خیر خواہ قرار دیا۔ اس موقعے پر ممبئی سے تشریف لائے بدھ مذہب کے ممتاز رہنما نے بھی کونسل کے اس قدم کی ستائش کی اور اردو زبان کے فروغ کو وقت کی ضرورت بتایا۔ وزارت برائے فروغ انسانی وسائل کے ایک عہدے دار جناب چاموشاستری نے اس موقعے پر بڑی عالمانہ گفتگو کی اور اردو کی ترقی میں کونسل کی سرگرمیوں کو قابل اطمینان قرار دیتے ہوئے کہا کہ زبانیں کبھی بھی حکومت یا سیاست کی پابند نہیں رہی ہیں اور اس ملک میں تمام زبانوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں اور اردو زبان کی مٹھاس کا پورا عالم گواہ ہے۔ سنگھ کے مشہور لیڈر شیام جاجو نے بھی اس موقعے پر اظہارِ خیال کیا۔ کونسل کے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب اجمل سعید نے کونسل کی کارگزاریوں اور سرگرمیوں کو پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعے پیش کیا۔ اس پروگرام میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد، سابق وائس چانسلر پروفیسر سید شاہد مہدی، پروفیسر طاہر محمود، پروفیسر عبیدالرحمٰن ہاشمی، پروفیسر شریف حسین قاسمی، پروفیسر قدوس جاوید، پروفیسر عین الحسن، پروفیسر علیم اشرف، جناب فاروق ارگلی، محترمہ شبانہ نذیر، ڈاکٹر حسنین اختر، جناب عظیم اختر، ڈاکٹر اسلم جمشید پوری، ڈاکٹر رضا حیدر، ڈاکٹر ابرار رحمانی، ڈاکٹر جمیل اختر، ڈاکٹر مشتاق قادری، ڈاکٹر ساجد حسین، ڈاکٹر اکبر شاہ، جناب یاسر جیلانی وغیرہ موجود تھے۔

کونسل کے ممبران میں جناب اقبال خان، محترمہ شمع خان، جناب جاوید علی خان اور منوری بیگم کے علاوہ تینوں جامعات کے اساتذہ و طلبا موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)